( Speech Class Three )

ملت کا پاسباں ہے محمد علی جناح　　ملت ہے جسم و جاں ہے محمد علی جناح

محترم پرنسپل صاحب، معزز اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو !
السلام علیکم !
میری آج کی تقریر کا عنوان ہے " قائد اعظم محمد علی جناح "
عزیز ساتھیو !

پاکستان کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔آپ نے ابتدائی تعلیم کراچی سے اور اعلی تعلیم انگلستان سے حاصل کی۔وطن واپس آ کر وکالت شروع کر دی آپ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز ستمبر 1905 میں کیا۔آپ کی قائدانہ صلاحیتوں اور ذہانت کی وجہ سے مسلمانوں کو ہندوؤں اور انگریزوں کے تسلط سے آزادی ملی۔

جناب صدر ! دن رات کی مسلسل محنت کی وجہ سے آپ کی صحت خراب ہو گی اور 11 ستمبر 1948 کو وفات پا گئے۔آپ کا مزار کراچی میں ہے

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

**والسلام شکریہ**